ظفر محمود (چوک اہل حدیث) کو صدمہ

مورخہ 28 اگست بروز جمعرات ظفر محمود کی والدہ محترمہ وفات پاگئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحومہ انتہائی نیک اور بااخلاق خاتون تھیں۔ نمازِ جنازہ مولانا حافظ محمد عبداللہ مدیر التعلیم جامعہ علوم اُثریہ نے پڑھائی۔

محمد اعجاز (جامع مسجد محمدیؐ اہل حدیث محمدی چوک جہلم) کو صدمہ

مورخہ 27 ستمبر بروز ہفتہ رمضان المبارک کی 27ویں رات کو محمد اعجاز کے والد حاجی محمد صدیق اعتکاف کی حالت میں وفات پاگئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم جامع مسجد محمدی اہل حدیث محمدی چوک کے مستقل نمازی تھے۔ مرحوم نماز پنجگانہ کی پابندی کے ساتھ ساتھ بڑے ہی متقی، پرہیزگار، تہجد گزار اور بااخلاق انسان تھے۔ مرحوم کی نماز جنازہ مولانا قطب شاہ نے پڑھائی۔

محمد یونس قریشی، عبدالوحید قریشی (چک حافظاں) اور ساجد یعقوب قریشی کو صدمہ

مورخہ 13 اکتوبر بروز سوموار محمد یونس قریشی کے بھائی، عبدالوحید قریشی کے والد اور ساجد یعقوب قریشی کے چچا محترم جناب عبدالواحد قریشی وفات پاگئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم عرصہ دراز سے راولپنڈی میں رہائش پذیر ہوگئے تھے۔ تدفین کیلئے مرحوم کی میت ان کے آبائی گاؤں چک حافظاں لائی گئی۔ جہاں ان کی نماز جنازہ رئیس الجامعہ نے پڑھائی۔ مرحوم جامعہ کے سابق شیخ الحدیث حضرت العلام پیر محمد یعقوب قریشیؒ کے بھائی تھے۔ مرحوم بڑے ہی نیک، بااخلاق اور ملنسار انسان تھے۔ مرحوم کی نماز جنازہ میں جامعہ کے اساتذہ اور طلبہ نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔

حافظ عبدالرحمٰن شاکر، حافظ عبدالرحمٰن زاہد وعکاشہ واسامہ مدنی کو صدمہ

مورخہ 30 اکتوبر بروز جمعرات حافظ عبدالرحمٰن شاکر کی والدہ، علامہ محمد مدنیؒ اور حافظ عبدالرحمٰن زاہد کی خوشدامن، عکاشہ واسامہ مدنی کی نانی محترمہ وفات پاگئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحومہ بڑی ہی نیک، پارسا اور عبادت گزار خاتون تھیں۔ مرحومہ کی نماز جنازہ جامعہ کے شیخ الحدیث مولانا محمد اکرم جمیل نے پڑھائی۔ جس میں جامعہ کے اساتذہ وطلبہ اور جماعتی احباب کے علاوہ چکوال، گجرات، گوجرانوالہ، اوکاڑہ وغیرہ سے ان کے عزیز واقارب شریک ہوئے۔

ادارہ ''حرمین'' وجامعہ علوم اُثریہ اور مرکزی جمعیت اہل حدیث جہلم مذکورہ بالا مرحومین کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ اللہ تعالیٰ مرحومین کی لغزشوں، کوتاہیوں اور گناہوں کو معاف فرمائے اور انہیں جنت الفردوس میں بلند مقام عطا فرمائے اور ورثاء کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے۔ (آمین)